سوال

(126) سفر کی مسافت کم از کم کتنی ہے جس میں نماز قصر کی جاسکے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سفر کی مسافت کم از کم کتنی ہے جس میں نماز قصر کی جاسکے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کم از کم مسافت تین فرسخ ہے، عون المعبود شرح ابی داوٗد ص ۴۴۶ سبل السلام ص ۱۵۵ زاد المعاد ص ۱۳۴۔ اگرچہ ائمہ نے اس مسئلہ پر خوب بحث کی ہے۔ اور اختلاف بھی کیا ہے۔ مگر محدثین رحمہ اللہ کے نزدیک ۹ میل کی روایت صحیح ہے جس پر نماز قصر کی جاسکتی ہے۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد ۶، ش ۲۹)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 211

محدث فتویٰ